امجد صدیقی، میرا بہت باہمت اور بےلوث دوست ،

میری پہلی ملاقات امجد بھائ سے میپ (MAP) کی ایک میٹنگ مین ہوئی ، اور انکے بارے مین جاننے کے بعد میرے دل مین انکے لئے بے انتہا عزت کا احساس ہوا، کہ جسمانی طور بہت بڑی اور سخت مجبوریوں کے باوجود وہ دوسرون کی مدد کے لئے ہمیشہ بہت متحرک نظر آئے،

کچھ ہی ہفتوں کے بعد معلوم ہوا کہ ہم پھر ایک اور جگہ یعنی PIF جو کہ سعودیہ مین پاکستانی بزنس مین گروپ کی انجمن ھے، اس مین بھی ساتھ ہین ۔ اسکے بعد امجد کے حالات کے بارے مین مزید معلومات ملین تو انکے لئے دل مین اور بھی بہت عزت بڑھتی گئی ، کہ کس طرح انہون نے اتنے مشکل حالات سے گزرنے کے باوجود نہ صرف ہمت نہین ہاری بلکہ ہمٗ جیسے بہت سے لوگوں سے کہین آگے بڑھ کر دوسرون کی نہ صرف مدد کی بلکہ اعلی ہمت اور فیاضی کی بہت مثالیں قائم کین اور ہر قسم کے کمیونٹی بہبود کے پراجیکٹس مین ہمیشہ آگے آگے رہے۔

اپنے بزنس مین کامیابی سے آگے بڑھتے رہے اور دنیا بھر کے مختلف ممالک کا سفر بھی جاری رہا ، جہان کئی سربراہان اور بزنس لیڈرز سے ملاقاتیں ہوتین اور ان سبکو بھی متاثر کرتے دن گزرتے۔

انکی بے شمار کامیابیوں اور انکی دوسرون کے لیے بیش بہا خدمات کے اعتراف مین انکو مختلف حکومتی اور سماجی اداروں کی طرف سے بہت ساری تعریفی اور اعزازی اسُناد سے نوازہ گیا اور سلسلہ آج تک بھی جاری ہے۔ اسی کا اعزازی خطاب بھی ہے جو انکے لئے واقعی بہت مناسب ہے۔ one in a " Million " مین ایک

انکے دوسرون کی مدد کرنے کے اس مشن مین اب اپنی بے پناہ محنت سے کمائی ہوئی دولت سے اورون کی مدد کرنے کے الاوہ اب وہ اپنا قیمتی وقت بھی دوسرون کی ہمت بڑھانے اور انکو اپنے تجربے سے فائدہ پہنچانے کے لئے لیکچرز اور انٹرویوز دینے کا سلسلہ بھی جاری رکھا ھے ، اور مختلف ارٹیکلز اور کتابین بھی لکھ رہے ہین، اللہ تعالی سے دعاء ہے کہ وہ امجد بھائ کے اس بے لوث مقصد اور مشن مین انکی مدد فرمائے اور ان جیسی ہمت والے اور دوست امجد کی طرح ملک اور قوم کی اور کمیونیٹی کی خدمت کرتے رہین ،،،

میرے نزدیک امجد بھائ کی زندگی کا یہ سفر درد کا نہین بلکہ جوان مردی اور ہمت کا سفر ہے جو ہم سب کے لئے باعث فخر ہی نہین ، مشعل راہ بھی ھے۔

اور اب میرے اس عظیم بھائ جیسے دوست کو

ONE IN A BILLION کہا جانا چاہئے ھے۔

خوش رہین آباد رہین اور سبکے دل اور ہمت کو گرماتے رہین۔ اللہ کرے زور بیان اور زیادہ ،،،

دعا گو ،،،

عارف مرزا ٹورانٹو

◦